آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

نیوز ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 20 | بروز جمعۃ المبارک 20 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 225

ٹرمپ شی جن پنگ اور پیوٹن کی تاریخی ملاقات ختم

جوہری ہتھیاروں اور عالمی تنازعات پر تبادلہ خیالات

عالمی طاقتوں کے تینوں رہنماں کی یہ غیر معمولی بیٹھک ایک گھنٹے سے زائد جاری رہی، جبکہ بعض اطلاعات میں اس کا دورانیہ تقریبا 90 منٹ بتایا گیا ہے

تینوں عالمی رہنماؤں کی اس تاریخی ملاقات کے بعد تا حال کسی بڑے معاہدے یا ٹھوس پیش رفت کا باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا



شینزن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، چینی صدر شی جن پنگ اور روسی صدر

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

یوریا کی فروخت میں 7 فیصد اضافہ، ڈی اے پی کی فروخت 4 فیصد کم رہی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ملک میں یوریا کی فروخت میں جاری کیلنڈر سال کے دوران

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تھیلیسیمیا یونٹ کے منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے

طویل عرصے سے سست روی کا شکار تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، کمشنر بہاولپور

بہاول پور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے کہا ہے کہ ''صحت مند پنجاب'' کے تحت بہاولپور میں عوام کو جدید اور معیاری طبی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فیلڈ مارشل سے قطری وزیر داخلہ کی ملاقات

سیکیورٹی تعاون بڑھانے پر اتفاق

قطر کے وزیر داخلہ نے خطے میں امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا اور دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا



راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے قطر کے وزیر داخلہ شیخ خلیفہ بن حمد بن خلیفہ آل ثانی نے ملاقات کی، جس میں باہمی دلچسپی کے امور، بدلتی ہوئی علاقائی و عالمی سکیورٹی صورتحال اور دوطرفہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور یونین آف جرنلسٹس و کرنز احمد پور میڈیا کلب رجسٹرڈ کے اراکین کیلئے 20 اور 21 نومبر کو ٹریننگ ورکشاپس کا شیڈول جاری

روزنامہ میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے زیر اہتمام دوروزہ ٹریننگ پروگرام کے لیے ریسورس پرسن نذیر خالد رضا کارانہ طور پر خدمات انجام دینے کے لیے بہاول پور پہنچ گئے



بہاولپور (پ ر) روزنامہ میڈیا نیٹ ورک پاکستان اور جرنلسٹس الائنس پاکستان کے اشتراک سے احمد پور یونین آف جرنلسٹس و کرنز احمد پور شرقیہ اور احمد پور میڈیا کلب رجسٹرڈ احمد پور شرقیہ کے اراکین کے لیے الگ الگ دو تربیتی ورکشاپس کا آغاز کل صبح 20 نومبر بروز جمع المبارک کو پنجاب کالج سے ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق روزنامہ میڈیا نیٹ ورک پاکستان کے زیر اہتمام

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ادیب اور دانشور اپنے قلم اور فکر کے ذریعے معاشرے میں شعور و آگہی کی شمع روشن کرتے ہیں

آنیوالی نسلوں کے لیے فکری رہنمائی کا ذریعہ بنتے ہیں، پروفیسر ڈاکٹر اسلم ادیب

بہاول پور (پ ر) ادیب اور دانشور اپنے قلم اور فکر کے ذریعے معاشرے میں شعور و آگہی کی شمع روشن کرتے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے فکری رہنمائی کا ذریعہ بنتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر ڈاکٹر اسلم ادیب نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس کے زیر اہتمام معروف شاعر ڈاکٹر ذیشان اطہر کی علمی و ادبی خدمات کے اعتراف میں تقریب پذیرائی بعنوان ''چراغ فکر و دانش'' کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

متحدہ عرب امارات میں 2 سے 4 دسمبر تک تعطیلات کا اعلان کر دیا گیا

دبئی (سی ایم لنکس) متحدہ عرب امارات کیقومی دن عید الاتحاد کی تقریبات کیموقع پر دبئی کے نجی اسکولز اور اعلی تعلیمی اداروں میں 2 سے 4 دسمبر تک تعطیلات کا اعلان کر دیا گیا۔ دبئی کی تاریخ

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کا سمہ سٹہ روڈ کا دورہ

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت جاری صفائی آپریشن اور انتظامات کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب کے تحت بہاولپور شہر میں صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مزید بہتر بنانے اور شہری ماحول کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہباز شریف اور آصف زرداری کی ملاقات تمام معاملات مشاورت سے حل کرنے پر اتفاق

صدر مملکت آصف علی زرداری کی ملاقات ہوئی، جس میں موجودہ حالات پر گفتگو ہوئی' بیان میں کہا گیا کہ ملاقات کے دوران مشرق وسطی کی صورت حال پر بھی بات چیت ہوئی اور ملاقات کے موجودہ سیاسی حالات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا

وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر مملکت آصف زرداری کے درمیان ملاقات کے دوران گفتگو میں کہا گیا کہ تمام معاملات کا حل بات چیت کے ذریعے نکالا جائیگا' ایوان صدر کے مطابق پچھلی آئینی ترامیم تمام اتحادی جماعتوں کی باہمی مشاورت سے کی گئیں اور اتفاق کیا گیا کہ تمام معاملات پر مل کر بیٹھیں گے اور مشاورت سے ان کا حل نکالا جائیگا' ملاقات میں وفاقی وزیر داخلہ اور دیگر بھی موجود تھے



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے ملک کے سیاسی حالات پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے تمام معاملات کا حل باہمی مشاورت سے نکالنے پر اتفاق کیا۔ ایوان صدر سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف اور صدر مملکت آصف علی زرداری کی ملاقات ہوئی، جس میں موجودہ حالات پر گفتگو ہوئی۔ بیان میں کہا گیا کہ ملاقات کے دوران مشرق وسطی کی صورت حال پر بھی بات چیت ہوئی اور ملاقات کے موجودہ سیاسی حالات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر اعظم

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر بہاولپور کا گورنمنٹ ہائی سکول فتووالی اور گورنمنٹ پرائمری سکول نور محمد چنڑ کا دورہ

دونوں تعلیمی اداروں میں صفائی ستھرائی، تعلیمی سرگرمیوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ پڑھا لکھا پنجاب کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں معیاری تعلیم کی فراہمی،

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر بہاولپور کا مریم نواز ہیلتھ کلینک خانوواہلی اور مریم نواز ہسپتال خانقاہ شریف کا دورہ

ہسپتال اور کلینک کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے جاری ترقیاتی سرگرمیوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کہا ہے کہ صحت مند پنجاب کے تحت ضلع بہاولپور میں عوام کو جدید، معیاری اور بہتر طبی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فیک نیوز اور غیر مصدقہ اطلاعات چیلنجز پیش نظر ذمہ دار صحافت کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے

اسسٹنٹ کمشنر اقرا ناصر

نامساعد حالات اور کم وسائل کے باوجود مقامی صحافی پیشہ ورانہ دیانت داری کے ساتھ عوامی مسائل کو اجاگر کر رہے ہیں

صدر محمد اعجاز خان پٹھان اور چیف آرگنائزر ارشاد احمد شاد پر مشتمل وفد نے اسسٹنٹ کمشنر اقرا ناصر کو جرنلسٹس الائنس کی طرف سے اعزازی شیلڈ سے نوازا



احمد پور شرقیہ +اوچ شریف (تحصیل رپورٹر +نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ اقرا ناصر نے کہا ہے کہ شفافیت، احتساب اور عوامی آگاہی میں ذمہ دار میڈیا کا کلیدی کردار ہے، فیک نیوز اور غیر مصدقہ اطلاعات کے چیلنجز

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہر آفیسر ریٹائرڈ ہونے کے بعد بھی محکمہ پولیس کا ممبر ہوتا ہے، رانا عبدالوہاب

گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ڈی پی او

بہاول پور (پ ر) ڈی پی او بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے اپنی مدت ملازمت مکمل کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہونے والے افسران و

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی کرائم میٹنگ

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے صدارت کی

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی زیر صدارت ڈی پی او آفس کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف گھیرا تنگ کرنے کا حکم

ڈی ایس پی چوہدری جاوید اختر کی ایس ایچ او صدیق ڈھڈی کو دوٹوک ہدایات

جرائم کے خاتمے میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی پولیس افسران اپنی ذمہ داریاں پوری مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں' ڈی ایس پی اوچ شریف



اوچ شریف (کرائم رپورٹر) ڈی ایس پی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

ڈی پی او اور انا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

معروف شاعر، ادیب اور محقق خورشید ناظر کا دفتر تعلقات عامہ بہاولپور ڈویژن کا دورہ

جہاں انہوں نے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز بہاولپور ڈویژن ڈاکٹر ناصر حمید سے ملاقات کی اور انہیں اپنا نعتیہ مجموعہ بعنوان ''صلوا علیہ وآلہ'' پیش کیا



بہاول پور: ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز ڈاکٹر ناصر حمید اور ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز نعمان مسعود خان معروف شاعر، ادیب اور محقق خورشید ناظر سے ان کے تازہ نعتیہ مجموعہ صلوا علیہ وآلہ کا تحفہ وصول کر رہے ہیں

بہاول پور (پ ر) معروف شاعر، ادیب اور محقق خورشید ناظر نے دفتر تعلقات عامہ بہاولپور ڈویژن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز بہاولپور ڈویژن ڈاکٹر ناصر حمید سے ملاقات کی اور انہیں اپنا نعتیہ مجموعہ بعنوان ''صلوا علیہ وآلہ'' پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز نعمان مسعود خان کو بھی اپنی نعتیہ تصنیف کا نسخہ پیش کیا۔ اس موقع پر خورشید ناظر کی ادبی، تحقیقی اور تصنیفی خدمات کا بھی ذکر کیا گیا۔ وہ اردو ادب کے ایک معتبر قلم کار ہیں اور اب تک

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا مریم نواز ہیلتھ کلینک خانوواہلی کا دورہ کر رہے ہیں

سی ایم سولر پینل سکیم فیز ٹو کی منظوری

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تعداد 90 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ کرنے کا حکم دیدیا

تمام بڑے ہسپتالوں کے انرجی آڈٹ کا حکم

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سی ایم سولر پینل سکیم فیز ٹو کی منظوری دی اور فیز ٹو میں سولر پینل سکیم کی تعداد 90 ہزار سے بڑھا کر ایک لاکھ کرنے کا بھی حکم دیدیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں ایٹمیل ویسٹ، ایگری ویسٹ اور سالڈ ویسٹ سے بائیو انرجی اور بائیو فیول

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

''شاندار پنجاب'' وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ٹورازم ویژن کی عالمی سطح پر پذیرائی

لاہور کو باضابطہ طور پر ای سی او ٹورازم کیپٹل 2027 کا اعزاز،

آذربائیجان کے شہر شوشا میں ٹورازم کیپٹل کا اعزاز سیکرٹری ٹورازم نے وصول کیا

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ٹورازم ویژن کی عالمی سطح پر پذیرائی، لاہور کو باضابطہ طور پر ای سی او ٹورازم کیپٹل 2027 اعزاز حاصل ہو گیا۔ آذربائیجان کے شہر شوشا میں لاہور کیلئے ای سی او ٹورازم کیپٹل کا اعزاز سیکرٹری ٹورازم سقراط امان نے وصول کیا۔ جمہوریہ آذربائیجان کے شہر شوشا میں پاکستان کا

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

الیکشن کمیشن کا 13 یونیورسٹیز کے ساتھ کنسورشیم کا قیام، مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

قانونی اور انتخابی عمل سے واقف نوجوان قیادت تیار کی جائیگی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 13 یونیورسٹیوں کے ساتھ مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کر کے کنسورشیم کا باضابطہ آغاز کر دیا۔ الیکشن کمیشن اور پاکستان کے تعلیمی و تحقیقی اداروں کا یہ اقدام کے ادارہ جاتی تعاون کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے، جس کا مقصد انتخابی عمل میں تحقیق کا فروغ،

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا گورنمنٹ ہائی سکول فتووالی میں بچوں کی تعلیمی استعداد کا جائزہ لے رہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر حاصل پور ڈاکٹر ثناءاللہ خاں کا وزیر اعلی پنجاب کی ہدائیت پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصل پور کا سرپرائز وزٹ

حکومتی پالیسی کے مطابق مریضوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں صفائی کی صورت حال کی طرف خصوصی توجہ دی جائے ایم ایس تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کو ہدائیت

حاصل پور (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر حاصل پور ڈاکٹر ثناءاللہ خاں نے وزیر اعلی پنجاب کی ہدائیت پر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال حاصل پور کا سرپرائز وزٹ کیا انھوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات ڈسپنسری ڈائیلاسز یونٹ شعبہ امراض قلب چلڈرن وارڈ جنرل وارڈ ایڈمنسٹریشن بلاک کا وزٹ کیا ہسپتال میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور مریضوں کو بروقت ابتدائی طبی امداد کی سہولیات

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



حاصل پور: اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ثناءاللہ خان تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا وزٹ کر رہے ہیں۔

حاجی محمد گلزار مرحوم لاہوری کلاتھ والے کے ایصال ثواب کیلئے دوسری محفلِ میلادِ مصطفیٰ

پیر محمد نقیب الرحمٰن نے ملک وقوم کی سلامتی، امتِ مسلمہ کے اتحاد اور بالخصوص حاجی محمد گلزار مرحوم کی مغفرت، کے لیے خصوصی دعا کروائی

اللہ آباد (نامہ نگار) حاجی محمد گلزار مرحوم لاہوری کلاتھ والے کے ایصال ثواب کے لیے دوسری سالانہ عظیم الشان محفلِ میلاد مصطفیٰ ﷺ انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ رائل میرج لان کے ایل پی روڈ خان بیلہ میں منعقد ہوئی۔ محفل میں ایم پی اے قاضی احمد سعید، قاضی سراج احمد، مخدوم سید مبین ضامن بخاری، سید فہیم علی شاہ، قاضی حسین سراج، مفتی سلیم ریاض رضوی، مفتی محمود احمد

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں



اوچ شریف پریس اینڈ میڈیا کلب (رجسٹرڈ) کا وفد اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ اقرا ناصر کو اعزازی شیلڈ سے نواز رہا ہے۔

اوچ شریف میں یوریا کھاد کا مصنوعی بحران؟

کسانوں پر مہنگی کھاد کا عذاب، مبینہ کھاد مافیا بے لگام

کھاد ڈیلروں کے گوداموں اور ریکارڈ کی فوری جانچ پڑتال کی جائے، سرکاری نرخوں پر کھاد کی دستیابی یقینی بنائی جائے مطالبہ

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) تحصیل احمد پور شرقیہ، سب تحصیل اوچ شریف اور گردونواح میں یوریا کھاد کا بحران شدت اختیار کر گیا، کسانوں کی فصلیں کھاد کو ترسنے لگیں جبکہ مبینہ کھاد مافیا نے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایشیا کے مالیاتی نظام میں بچوں کے حقوق اور ضروریات کو مرکزی حیثیت دی جائے

چیئرمین سینیٹ کا بنکاک میں سیودی چلڈرن کے پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب

بنکاک (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے بنکاک میں سیودی چلڈرن کے زیر اہتمام پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وائس چانسلر آئی یو بی نے آن لائن کمپیوٹرائزڈ مڈ ٹرم امتحانات کا جائزہ لینے کیلئے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا

دورے کے دوران انہوں نے امتحانی انتظامات، آئی ٹی انفراسٹرکچر، کمپیوٹرائزڈ امتحانی نظام اور مجموعی انتظامی امور کا معائنہ کیا

وائس چانسلر نے امتحانات کے کامیاب انعقاد میں آئی ٹی ڈائریکٹوریٹ اور متعلقہ ٹیموں کی کوششوں کو سراہا



وائس چانسلر آئی یو بی پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران بغداد الجدید کیمپس میں جاری آن لائن کمپیوٹرائزڈ مڈ ٹرم امتحانات کا جائزہ لے رہے ہیں

بہاول پور (پ ر) وائس چانسلر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور پروفیسر ڈاکٹر محمد کامران نے بغداد الجدید کیمپس میں جاری آن لائن کمپیوٹرائزڈ مڈ ٹرم امتحانات کا جائزہ لینے کے لیے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے امتحانی انتظامات، آئی ٹی انفراسٹرکچر، کمپیوٹرائزڈ امتحانی نظام اور مجموعی انتظامی امور کا معائنہ کیا۔ ڈائریکٹر انفارمیشن ٹیکنالوجی فیصل شہزاد نے وائس چانسلر کو تکنیکی انتظامات، سسٹم مینجمنٹ اور ڈیجیٹل امتحانات کے شفاف، منظم اور موثر انعقاد کو یقینی بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی۔ وائس چانسلر نے امتحانات کے کامیاب انعقاد میں آئی ٹی ڈائریکٹوریٹ اور متعلقہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت بغیر کارروائی ملتوی

راولپنڈی (سی ایم لنکس) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت بغیر کارروائی کے ملتوی کر دی۔ سماعت انسداد دہشت گردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے کی۔ سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی کے وکیل فیصل ملک عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک ہماری سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کاوشیں جاری رہیں گی

پوری قوم دہشتگردی کیخلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیر اعظم

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کے اضلاع جنوبی وزیرستان، بنوں اور ٹانک میں سیکیورٹی فورسز کے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حمزہ شہباز سے امریکی ناظم الامور کی ملاقات

پاک امریکا تعلقات، معاشی تعاون، علاقائی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (سی ایم لنکس) رکن قومی اسمبلی اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے امریکی سفارت خانے کی ناظم الامور نتالی اے بیکر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

صفحہ نمبر 01

ولادیمیر پیوٹن کے درمیان چین کے شہر شینزن میں ہونے والی پہلی باضابطہ سہ فریقی ملاقات مکمل ہوگئی ہے۔عالمی طاقتوں کے تینوں رہنماں کی یہ غیر معمولی بیٹھک ایک گھنٹے سے زائد جاری رہی، جبکہ بعض اطلاعات میں اس کا دورانیہ تقریبا 90 منٹ بتایا گیا ہے۔خبر رساں اداروں کے مطابق ملاقات میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول، ایران اور یوکرین کی جنگوں، عالمی امن اور توانائی کے تحفظ سمیت اہم بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکا، روس اور چین جوہری ہتھیاروں کی تعداد کم کرنے اور ان کے استعمال کے خطرات کو محدود کرنے کے لیے غیر معمولی کردار ادا کر سکتے ہیں۔انہوں نے اس ملاقات کو تاریخ ساز قرار دیتے ہوئے کہا کہ عالمی امن کے لیے اہم مواقع سے فائدہ اٹھانا ضروری ہے۔چینی صدر شی جن پنگ نے جوہری ہتھیاروں پر جامع پابندی عائد کرنے اور انہیں مکمل طور پر ختم کرنے پر زور دیا۔ان کا کہنا تھا کہ جوہری جنگ نہ تو جیتی جا سکتی ہے اور نہ ہی اسے کبھی لڑا جانا چاہیے۔انہوں نے جوہری جنگ روکنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا کہ تینوں ممالک پر عالمی امن اور سلامتی برقرار رکھنے کی مشترکہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ان کے مطابق ملاقات میں عالمی اور علاقائی تعلقات کے ساتھ توانائی کے تحفظ پر بھی گفتگو ہونی چاہیے۔رپورٹس کے مطابق ایران اور یوکرین کی جنگیں بھی ملاقات کے اہم موضوعات میں شامل تھیں۔ٹرمپ نے ایران کے معاملے اور جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کو اہمیت دی، جبکہ روسی صدر کی توجہ یوکرین جنگ کے خاتمے اور اس سے متعلق امور پر رہی۔چینی صدر نے تنازعات کے حل کے لیے سفارت کاری، باقاعدہ اعلیٰ سطحی رابطوں اور بحرانوں کے دوران مؤثر رابطہ کاری کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے بڑی طاقتوں کے درمیان تعاون اور مستحکم توانائی کی فراہمی کو بھی اہم قرار دیا۔تینوں عالمی رہنماں کی اس تاریخی ملاقات کے بعد تاحال کسی بڑے معاہدے یا ٹھوس پیش رفت کا باضابطہ اعلان سامنے نہیں آیا۔مبصرین کے مطابق تینوں ممالک کے مفادات اور ترجیحات میں اختلافات کے باعث جوہری ہتھیاروں، ایران اور یوکرین جیسے پیچیدہ معاملات پر فوری اتفاق رائے آسان نہیں ہوگا۔اس کے باوجود امریکا، چین اور روس کے صدور کا ایک ہی میز پر بیٹھنا عالمی سفارت کاری میں اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ ملاقات کے نتائج سے متعلق مزید تفصیلات تینوں حکومتوں کے باضابطہ بیانات کے بعد سامنے آ سکیں گی۔اطلاعات کے مطابق تاریخی اجلاس کے بعد امریکی صدر ٹرمپ اور روسی صدر پیوٹن اپنے اپنے ملک روانہ ہو چکے ہیں۔

صفحہ نمبر 02

سہولیات کی فراہمی کے لیے اہم میگا ہیلتھ منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔اس سلسلے میں کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے تھیلیسیمیا یونٹ کے جاری ترقیاتی منصوبے کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ہدایت کی کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے خصوصی ہیلتھ اینیشیٹو کے تحت تھیلیسیمیا یونٹ کے منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے اور طویل عرصے سے ست روی کا شکار تعمیراتی کام کی رفتار مزید تیز کی جائے۔انہوں نے کہا کہ عوامی مفاد کے اس اہم منصوبے کے لیے حکومت پنجاب کی جانب سے فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں، لہٰذا اس کی بروقت تکمیل میں کسی قسم کی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے اعظم چوک کا بھی دورہ کیا اور وہاں صفائی ستھرائی کی ناقص صورتحال پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری طور پر جامع صفائی آپریشن مکمل کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے چوک اور اس کے اطراف سے جھاڑیوں کے خاتمے، گھاس کی مناسب کٹائی، درختوں کی تراش خراش، پودوں کو باقاعدگی سے پانی دینے اور گرین بیلٹس کی صفائی یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ شہر کے تمام چوکوں، شاہراہوں اور گرین بیلٹس کی صفائی اور خوبصورتی پر خصوصی توجہ دی جائے اور صفائی کے انتظامات کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جا سکے۔

صفحہ نمبر 03

سالانہ بنیادوں پر 7 فیصد اضافہ جبکہ ڈی اے پی کی فروخت میں 4 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔این ایف ڈی سی اور انڈسٹری کے اعداد و شمار کے مطابق کیلنڈر سال 2026ء کے پہلے دس ماہ (جنوری تا اکتوبر) کے دوران ملک میں یوریا کی مجموعی فروخت 4.89 ملین ٹن ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے دوران 4.55 ملین ٹن کے مقابلے میں 7 فیصد زیادہ ہے۔اعداد و شمار کے مطابق اکتوبر 2026ء کے دوران یوریا کی فروخت 487 ہزار ٹن رہی جو ستمبر 2026ء کے 611 ہزار ٹن کے مقابلے میں 20 فیصد کم، تاہم گزشتہ سال اکتوبر کے 250 ہزار ٹن کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہے۔رپورٹ کے مطابق کیلنڈر سال کے پہلے دس ماہ کے دوران ملک میں ڈی اے پی کی فروخت 977 ہزار ٹن ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے دوران 1.01 ملین ٹن کے مقابلے میں 4 فیصد کم ہے۔اکتوبر 2026ء کے دوران ڈی اے پی کی فروخت 202 ہزار ٹن رہی جو ستمبر کے 88 ہزار ٹن کے مقابلے میں تین گنا سے زیادہ ہے، تاہم گزشتہ سال اکتوبر کے 219 ہزار ٹن کے مقابلے میں 8 فیصد کم ہے۔

صفحہ نمبر 04

سکیورٹی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات میں دونوں ممالک نے سکیورٹی، انسداد دہشت گردی اور ادارہ جاتی تعاون کے شعبوں میں دوطرفہ تعلقات مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔اس موقع پر قطر کے وزیر داخلہ نے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا اور دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات پر اطمینان کا اظہار کیا۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے قطر کے ساتھ دوطرفہ روابط مزید گہرے کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ مشترکہ سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے قریبی تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔

صفحہ نمبر 05

ہیں۔اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے سمہ سٹہ روڈ کا دورہ کیا اور ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت جاری صفائی آپریشن اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے شہر کی اہم شاہراہوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے، کوڑا کرکٹ کی بروقت منتقلی اور سڑکوں کی مسلسل صفائی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔انہوں نے متعلقہ افسران کو صفائی آپریشن مؤثر انداز میں جاری رکھنے اور تمام علاقوں میں صفائی کے یکساں معیار کو برقرار رکھنے کے احکامات جاری کیے۔انہوں نے واضح کیا کہ ستھرا پنجاب پروگرام پر عملدرآمد میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے اعظم چوک کا بھی دورہ کیا اور وہاں صفائی ستھرائی کی ناقص صورتحال پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو فوری طور پر جامع صفائی آپریشن مکمل کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے چوک اور اس کے اطراف سے جھاڑیوں کے خاتمے، گھاس کی مناسب کٹائی، درختوں کی تراش خراش، پودوں کو باقاعدگی سے پانی دینے اور گرین بیلٹس کی صفائی یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ شہر کے تمام چوکوں، شاہراہوں اور گرین بیلٹس کی صفائی اور خوبصورتی پر خصوصی توجہ دی جائے اور صفائی کے انتظامات کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور خوشگوار ماحول فراہم کیا جا سکے۔

صفحہ نمبر 06

اینڈ ہیومن ڈیولپمنٹ انٹھارٹی کیمطابق ہفتہ وار تعطیلات کو شامل کرنے سے طلبہ کو مسلسل پانچ روز کی چھٹیاں ملیں گی، جبکہ تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیاں 7 دسمبر بروز پیر سے بحال ہوں گی۔عید الاتحاد متحدہ عرب امارات کے قیام کی یاد میں منائی جاتی ہے، جس کی بنیاد 1971 میں رکھی گئی تھی۔دوسری جانب وزارت انسانی وسائل کے مطابق نجی شعبے کے ملازمین کو بھی 2 اور 3 دسمبر کو سرکاری تعطیلات دی جائیں گی۔

صفحہ نمبر 07

پہلی ایک روزہ ٹریننگ ورکشاپ 20 نومبر کو صبح 10 بجے پنجاب کالج میں منعقد ہوگی جس سے جرنلسٹس الائنس پاکستان کے کنسلٹنٹ اور سابق سینیئر ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ حکومت پنجاب جناب نذیر خالد اے یو جے ورکرز کے اراکین کو تربیت دیں گے اس امر کا اعلان احمد پور یونین آف جرنلسٹس ورکرز کے فوکل پرسن نے زیر علاج مریضوں کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجے کے معیار اور ادویات کی فراہمی کے حوالے سے دریافت کیا۔کمشنر نے ہدایت کی کہ شعبہ ایمرجنسی میں مریضوں کو بروقت طبی امداد اور معیاری علاج کی فراہمی یقینی بنائی جائے، ادویات کی دستیابی برقرار رکھی جائے اور ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہاولپور سٹی عبدالرمان، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر سید فخر عباس شاہ اور ڈائریکٹر ایمرجنسی بھی موجود تھے

صفحہ نمبر 08

معاشرے کی فکری، علمی اور تہذیبی ترقی میں اہلِ علم و ادب کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ڈاکٹر ذیشان اطہر کی شخصیت اور ان کی علمی و ادبی خدمات ہمارے ادبی منظرنامے کا قابلِ قدر حصہ ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس، بہاولپور ڈویژن محمد سلیم قیصر نے کہا کہ پنجاب کونسل آف دی آرٹس فنونِ لطیفہ، ادب اور ثقافت کے فروغ کے ساتھ ساتھ اہلِ قلم، دانشوروں اور تخلیق کاروں کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرنے کے لیے مؤثر کردار ادا کر رہی ہے۔تقریب سے معروف اہلِ قلم اور دانشوروں ڈاکٹر نیئر مصطفیٰ، ڈاکٹر آصف خان، امتیاز لکھویرا، بلال احمد قاضی ایڈووکیٹ اور اظہر ندیم نے بھی اظہار خیال کیا۔ مقررین نے پنجاب کونسل آف دی آرٹس، بہاولپور ڈویژن کی جانب سے اس خوبصورت ادبی روایت کو آگے بڑھانے کے اقدام کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا۔ اس موقع پر صاحبِ شام معروف شاعر و ادیب ڈاکٹر ذیشان اطہر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اہلِ علم و ادب کی موجودگی اور ادبی کاوشوں کی پذیرائی ان کے لیے باعثِ مسرت و افتخار ہے۔ تقریب میں شہر کی ممتاز علمی و ادبی شخصیات، دانشوروں، شعراء، ادبا اور اہلِ قلم نے شرکت کی۔

صفحہ نمبر 09

شہباز شریف اور صدر مملکت آصف زرداری کے درمیان ملاقات کا حال بات چیت کے ذریعے نکالا جائے گا۔ایوان صدر کے مطابق پچھلی آئینی ترامیم تمام اتحادی جماعتوں کی باہمی مشاورت سے کی گئیں اور اتفاق کیا گیا کہ تمام معاملات پرامل کر بیٹھیں گے اور مشاورت سے ان کا حل نکالا جائے گا۔ملاقات میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور دیگر بھی موجود تھے۔

صفحہ نمبر 10

تعلیمی ماحول کی بہتری اور نظم وضبط کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے گورنمنٹ ہائی سکول فتو والی اور گورنمنٹ پرائمری سکول نور محمد چنڑ کا دورہ کیا اور دونوں تعلیمی اداروں میں صفائی ستھرائی، تعلیمی سرگرمیوں اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ پرائمری سکول نور محمد چنڑ میں طلبہ سے گفتگو کی، انہیں مختلف مضامین پڑھائے اور تدریسی عمل سے متعلق سوالات کر کے بچوں کی تعلیمی استعداد کا جائزہ لیا۔ انہوں نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ طلبہ کی تعلیمی صلاحیتوں میں بہتری کے لیے تدریسی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے اور بچوں کو روزانہ کی بنیاد پر ہوم ورک دیا جائے، جبکہ اگلے روز اس کی باقاعدہ چیکنگ بھی یقینی بنائی جائے۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام طلبہ کی سکول میں بروقت آمد اور مکمل، صاف ستھرے یونیفارم کی پابندی یقینی بنائی جائے۔اس مقصد کے لیے طلبہ کے یونیفارم روزانہ چیک کیے جائیں اور خلاف ورزی کی صورت میں مناسب اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے اساتذہ کو بھی اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے تقاضوں کے مطابق صاف ستھرا اور مناسب لباس پہننے کی ہدایت کی۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے سکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں میں صفائی ستھرائی کے انتظامات روزانہ کی بنیاد پر بہتر رکھے جائیں اور کلاس رومز، برآمدوں اور واش رومز کی صفائی پر خصوصی توجہ دی جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ سکولوں میں نظم و ضبط، صفائی ستھرائی اور تعلیمی معیار کی بہتری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اساتذہ و سکول انتظامیہ اپنی ذمہ داریاں پوری محنت اور لگن سے ادا کریں۔

صفحہ نمبر 11

سہولیات کی فراہمی کے لیے بنیادی مراکز صحت اور ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن اور ری ویمپنگ کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے مریم نواز ہیلتھ کلینک خانو والی اور مریم نواز ہسپتال خانقاہ شریف کا دورہ کیا اور دونوں طبی مراکز میں جاری ری ویمپنگ، تعمیر و مرمت اور تزئین و آرائش کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال اور کلینک کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے جاری ترقیاتی سرگرمیوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ری ویمپنگ منصوبے کے تحت ہسپتالوں اور ہیلتھ کلینکس کی عمارتوں، مریضوں کے انتظار گاہوں اور دیگر طبی سہولیات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرے، بہتر اور معیاری ماحول میں علاج معالجے کی سہولیات میسر آسکیں۔انہوں نے ہدایت کی کہ جاری تعمیراتی کاموں میں معیاری میٹریل کے استعمال اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ تمام کام مقررہ معیار اور منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق مکمل کیے جائیں جبکہ تعمیراتی سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی کرتے ہوئے ری ویمپنگ اور تزئین و آرائش کے منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ ہسپتال اور ہیلتھ کلینک کے تمام شعبوں کو جدید تقاضوں کے مطابق فعال، بہتر اور خوبصورت بنایا جائے تاکہ مریضوں اور ان کے لواحقین کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جاسکیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر صاف ستھرے ماحول میں معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

صفحہ نمبر 12

جوانوں کے اعزاز میں پروقار تقریب کا اہتمام۔ ڈی پی او نے پھولوں کے گلدستے و یادگاری شیلڈ پیش کیں اور نیک تمناؤں کے ساتھ انہیں رخصت کیا۔ ہر آفیسر ریٹائرڈ ہونے کے بعد بھی محکمہ پولیس کا ممبر ہوتا ہے، آپکی گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے محکمہ سے ریٹائرڈ ہونے والے پولیس افسران کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب کا اہتمام کیا۔ ریٹائرڈ ہونے والے افسران میں سب انسپکٹرز نور حسین، عبدالوحید، کانسٹیبلز میں سعید احمد، غلام مصطفیٰ، غلام یسین، نور صمد اور ڈرائیور کانسٹیبل محمد ناصر بھٹی اور محمد ناصر شبیر شامل ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے اس موقع پر ریٹائرڈ پولیس افسران کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ محنتی، فرض شناس اور ایمانداری سے فرائض سرانجام دینے والے پولیس افسران محکمہ پولیس کا سرمایہ ہوتے ہیں، ان پر محکمہ کو ہمیشہ فخر اور ناز ہوتا ہے۔ ہر پولیس آفیسر محکمہ پولیس سے ریٹائر ہونے کے بعد بھی محکمہ پولیس کا ممبر ہوتا ہے۔آپ کی محکمہ پولیس کے لیے گراں قدر خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔آپ سب نے محکمہ پولیس میں اپنی سروس پوری کی ہے آج آپ کو عزت و احترام سے سروس پوری ہونے پر محکمہ پولیس سے الوداع کیا جا رہا ہے جو کسی بھی ریٹائرڈ ہونے والے ملازم کے لیے ایک اعزاز ہوتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ آپ کے لیے ہمیشہ ڈی پی او آفس کے دروازے کھلے ہیں۔ پولیس سے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے پولیس ویلفیئر مرکز یا مجھ سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں۔آخر میں ان کی خدمات کے اعتراف میں ڈی پی او نے پھولوں کے گلدستے اور یادگاری شیلڈ پیش کیں اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے رخصت کیا۔

صفحہ نمبر 13

کے پیش نظر ذمہ دار صحافت کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے۔ وہ میونسپل آفس اوچ شریف میں اوچ شریف پریس اینڈ میڈیا کلب) رجسٹرڈ (اوچ شریف کے وفد سے تبادلہ خیال کر رہی تھیں، اس موقع پر چیف آفیسر ارم شہزادی بھی ملاقات میں موجود تھیں۔ اسسٹنٹ کمشنر اقرا ناصر نے کہا کہ نامساعد حالات اور کم وسائل کے باوجود مقامی صحافی پیشہ ورانہ دیانت داری کے ساتھ عوامی مسائل کو اجاگر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحافیوں کے تحفظ، آزادی اظہار اور معلومات تک رسائی کے فروغ کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ صدر محمد اعجاز خان پٹھان اور چیف آرگنائزر ارشاد احمد شاد پر مشتمل اوچ شریف پریس اینڈ میڈیا کلب) رجسٹرڈ (کے وفد نے اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ اقرا ناصر کو جرنلسٹس الائنس پاکستان کی طرف سے اعزازی شیلڈ سے نوازا۔

صفحہ نمبر 14

ایس ایچ او زکی کرائم میٹنگ منعقد ہوئی، میٹنگ میں جرائم کی مجموعی صورتحال، تمام ہیڈز آف کرائم پر کارکردگی، امن وامان کی صورتحال اور انسداد جرائم کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور نے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ جرائم کے موثر تدارک کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں تیز کی جائیں اور اشتہاری مجرمان و عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔حساس مقامات، اہم تنصیبات اور عوامی مقامات کی سکیورٹی مزید موثر بنانے کے ساتھ پولیس گشت اور ناکہ بندی کے نظام کو بھی فعال بنایا جائے۔ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے ہدایت کی کہ تمام ایس ڈی پی اوز اپنے سرکلز میں پولیس کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کریں جبکہ ایس ایچ اوز اپنے علاقوں میں جرائم کی روک تھام، موثر پٹرولنگ اور عوام کے جان و مال کا تحفظ کو یقینی بنائیں۔ فرائض میں غفلت، ناقص کارکردگی اور قانون پر عمل درآمد میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈی پی او بہاولپور نے مزید کہا کہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا، جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ اور قانون کی بالادستی یقینی بنانا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تمام افسران پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوامی خدمت اور موثر پولیسنگ کو مزید بہتر بنائیں۔

صفحہ نمبر 15

بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 16 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے تفصیلات کے مطابق وزیرِ اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از اجلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

صفحہ نمبر 16

پراجیکٹس کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر نکانہ میں دھان اور دیگر فصلوں کی باقیات سے بائیو ریفائنری پراجیکٹ پر رپورٹ پیش کی گئی۔ اجلاس میں پنجاب میں کمرشل سکیل، پرائیویٹ ڈیریز اور کمیونٹی بیسڈ بائیو گیس پلانٹ پراجیکٹ کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چولستان میں پانچ ہزار سولر پمپنل کے پائلٹ پراجیکٹ اور چولستان میں 40 سائٹ پر واٹر سپلائی سکیموں کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کی اصولی منظوری بھی دی۔ اجلاس میں ستھرا پنجاب کے اشتراک سے سالڈ ویسٹ سے انرجی اور بائیو فیول پراجیکٹ پر پلان طلب کر لیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام بڑے ہسپتالوں کے انرجی آڈٹ کا حکم دیا اور ہسپتالوں میں انرجی لوڈ کے مطابق الیکٹرک پمپنل لگانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تین ہزار ٹن ویسٹ سے انرجی کے پائلٹ پراجیکٹ کی اصولی منظوری دی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر فیصل کھوکھر اور سیکرٹری انرجی نے تفصیلی بریفنگ میں بتایا کہ سی ایم سولر پمپنل سکیم کے تحت فیز ون میں ساڑھے تین لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئی۔ سولر پمپنل سکیم فیز ون میں 89869 افراد کو سولر پمپنل ملنے سے بجلی بل میں ایک تہائی بچت ہوئی۔ پنجاب بھر میں سی ایم سولر پمپنل سکیم نے عوام میں مقبولیت کی مثال قائم کر دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کے 76 سکولوں کو پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر سولر انرجی پر شفٹ کر دیا گیا۔ پنجاب میں چار لاکھ 90 ہزار ٹن ایتھنول ویسٹ سے 7.15 بلین کیوبک میٹر بائیو گیس کی استعداد موجود ہے۔ ایتھنول، ایگری اور سالٹ ویسٹ سے 1.6 ارب یونٹ بجلی پیدا کی جا سکتی ہے۔ انرجی ڈیپارٹمنٹ کے عوامی سروے کے مطابق مریم نواز شریف جب سے آئی ہیں، غریبوں کیلئے اچھے فیصلے کر رہی ہیں۔ سی ایم سولر پمپنل سکیم کی وجہ سے بجلی کا بل تقریباً آدھا رہ گیا ہے۔

صفحہ نمبر 17

سرکل احمد پور شرقیہ چوہدری جاوید اختر نے ایس ایچ او اوچ شریف صدیق ڈھڈی کو جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مثر اور فیصلہ کن کارروائی کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ علاقے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانا، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور قانون کی بالادستی یقینی بنانا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔انہوں نے جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں، اشتہاری ملزمان اور دیگر قانون شکن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرنے، جرائم کی روک تھام کے لیے گشت مثر بنانے اور عوامی شکایات پر فوری توجہ دینے کی ہدایت کی۔ ڈی ایس پی چوہدری جاوید اختر نے تفصیلی بریفنگ میں بتایا کہ سی ایم سولر پمپنل سکیم کے تحت فیز ون میں ساڑھے تین لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئی۔ سولر پمپنل سکیم فیز ون میں 89869 افراد کو سولر پمپنل ملنے سے بجلی بل میں ایک تہائی بچت ہوئی۔ پنجاب بھر میں سی ایم سولر پمپنل سکیم نے عوام میں مقبولیت کی مثال قائم کر دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کے 76 سکولوں کو پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر سولر انرجی پر شفٹ کر دیا گیا۔ پنجاب میں چار لاکھ 90 ہزار ٹن ایتھنول ویسٹ سے 7.15 بلین کیوبک میٹر بائیو گیس کی استعداد موجود ہے۔ ایتھنول، ایگری اور سالٹ ویسٹ سے 1.6 ارب یونٹ بجلی پیدا کی جا سکتی ہے۔ انرجی ڈیپارٹمنٹ کے عوامی سروے کے مطابق مریم نواز شریف جب سے آئی ہیں، غریبوں کیلئے اچھے فیصلے کر رہی ہیں۔ سی ایم سولر پمپنل سکیم کی وجہ سے بجلی کا بل تقریباً آدھا رہ گیا ہے۔

صفحہ نمبر 18

ٹورازم پولیسنین آنے والے مہمانوں کیلئے سیاحتی کشش کا سبب بن گیا۔ پاکستانی ٹورازم پولیسنین میں تاریخی یادگاروں، ثقافتی روایات، قدرتی مناظر اور مشہور عام مہمان نوازی کا عکس پیش کیا گیا۔ شوشا میں منعقدہ نمائش میں پنجاب کو پاکستان کا سیاحتی گیٹ وے قرار دیا گیا۔ سیکرٹری ٹورازم سقراط امان نے پنجاب کی روایتی مہمان نوازی کی علامت کے طور پر شرکاء کو یادگاری تحائف پیش کیے۔ سیکرٹری ٹورازم نے ای سی او ٹورازم کیپٹل لاہور کے بارے میں بریفنگ میں بتایا کہ لاہور 2027 کے دوران سیاحتی اور ثقافتی ورثے کا مرکز بننے کیلئے تیار ہے۔ ای سی او ٹورازم کیپٹل 2027 کے طور پر لاہور میں ثقافتی میلے اور تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ سیاحتی ورثے ای سی او ٹورازم کیپٹل لاہور میں رکن ممالک دیگر سٹیک ہولڈرز اور فنکاروں کی میزبانی کرے گا۔ لاہور میں بین الاقوامی فوڈ کی آمد، علاقائی تعاون کے فروغ کیلئے سرگرمیاں تشکیل دی جائیں گی۔ لاہور بینالے اور دیگر فنون کے فروغ کیلئے تقریبات کا انعقاد کیا جائیگا۔ مغل، سکھ اور دیگر ادوار کے تاریخی ورثوں کو اجاگر کرنے کیلئے خصوصی میلے ٹھیلے بھی منعقد ہوں گے۔ لاہور میں روایتی پرفارمنگ آرٹ، موسیقی، دستکاری اور ثقافتی نمائشیں بھی ہوں گی۔ لاہور کے عالمی شہرت یافتہ کھابوں کی تشہیر کیلئے کلنر فیسٹول بھی منعقد ہوگا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب کے سیاحتی مقامات کو نمایاں کرنے کیلئے خصوصی تشہیری مہم بھی تشکیل دی جائے گی۔ ای سی او ٹورازم کیپٹل 2027 کے طور پر لاہور میں عالمی سیاحتی شرکت داری، ثقافتی تبادلوں اور سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دیا جائے گا۔ لاہور کا شاہی قلعہ اور اندرون شہر کے شاندار اور دلفریب تاریخی مقامات سیاحوں کیلئے دلکشی کا باعث ہوں گے۔ پنجاب میں آثار قدیمہ کے مقامات، مذہبی سیاحتی مقامات، عجائب گھر ٹورازم مرکز ہوں گے۔ لاہور سمیت پنجاب بھر میں مذہبی رواداری زندہ ثقافتی روایات بھی سیاحوں کیلئے دلچسپی پیدا کریں گی۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب نے اپنے پیغام میں کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف میلینیفیشنٹ پنجاب ویژن کے تحت تاریخی شہروں کی بحالی، ثقافتی ورثے کا تحفظ اور سیاحتی انفراسٹرکچر کی ترقی شامل ہے۔ای سی او ٹورازم کیپٹل کے طور پر لاہور دنیا کے سامنے پاکستان کی غیر معمولی ثقافتی اہمیت، سیاحتی مواقع اور مہمان نوازی کے اطوار پیش کرے گا۔انہوں نے کہا کہ ای سی او ٹورازم کیپٹل لاہور شہر کی ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور ع